علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: بی اے	سمسٹر: خزاں 2009ء
پرچہ: اقتصادی و تجارتی جغرافیہ (409)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر	سوالات	نمبرز
سوال نمبر۔1	(الف) خالی جگہ مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں۔	(10)
	۱۔ برآمدی تجارت میں بولیویا کی اہمیت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی وجہ سے ہے۔ (ٹین۔کوکو۔سونا)	
	۲۔ عراق کی قومی پیداوار ترکی کی قومی پیداوار سے فی کس ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔ (زیادہ۔کم۔برابر)	
	۳۔ جنوبی ایشیا میں پہلے پہل ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ربڑ کے پودے لگائے گئے تھے۔ (سری لنکا۔مالدیپ۔بھوٹان)	
	۴۔ آم کی سالانہ پیداوار کا 70% حصہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں پیدا ہوتا ہے۔ (تھائی لینڈ۔برازیل۔بھارت)	
	۵۔ کان کنی کے لیے چٹانوں میں لوہے کی مقدار کم از کم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فی صد ضروری ہے۔ (20% - 40% - 30%)	
	(ب) صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔	(10)
	۱۔ دنیا میں ہیروں کے سب سے بڑے ذخیرے یاقوتیہ میں پائے جاتے ہیں۔ ص/غ	
	۲۔ جاپان کا شہر ٹوکیو ایشیا کا مانچسٹر کہلاتا ہے۔ ص/غ	
	۳۔ دنیا میں کوئلے کی پیداوار کا صرف 8% حصہ برآمد ہوتا ہے۔ ص/غ	
	۴۔ سٹیپ کا لفظ Slavic زبان سے نکلا ہے۔ ص/غ	
	۵۔ پاکستان میں تقریباً 34 ہزار ٹن ناشپاتی پیدا ہوتی ہے۔ ص/غ	
سوال نمبر۔2	''کرہ ارض پر پائی جانے والی ہر شے کا بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق انسان کے معاش سے ہے''۔ وضاحت کریں۔	(20)
سوال نمبر۔3	انسانی غذا میں پھل کی کیا اہمیت ہے نیز کیلے کی اہمیت اور دنیا میں اس کی تنشیر پر روشنی ڈالیے۔	(20)
سوال نمبر۔4	اٹلی، جاپان اور پاکستان کی صنعتی ترقی میں پن بجلی کی اہمیت تفصیلاً بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔5	گیاہستان کا مفہوم اور اہمیت بیان کریں نیز گیاہستان کی اقسام پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔	(20)
سوال نمبر۔6	تاریخی نقطۂ نظر سے ذرائع آمدورفت کی اہمیت بیان کریں نیز ان عوامل کی وضاحت کریں جن پر ذرائع آمدورفت کا انحصار ہے۔	(20)
سوال نمبر۔7	خطہ بندی کے نظریے کی وضاحت کرتے ہوئے بتایئے کہ جدید طرز کی عالمی تجارت کی ابتداء کیسے ہوئی؟	(20)
سوال نمبر۔8	درج ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔ ۱۔ سٹیپ کا خطہ ۲۔ جنگلات کا تحفظ اور نشوونما ۳۔ ربڑ کی عالمی پیداوار ۴۔ دنیا میں اون کی تنشیر	(20)